# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/ 5869**
**Date: 6th May, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

2. Questions in 101st ,102nd ,103rd ,104th ,105th ,106th ,107th ,108th 109th and 110th groups as at Annexure-II will be taken-up on 11th ,12th , 13th, 14th ,18th ,19th ,20th ,21st ,25th and 26th May, 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

3. In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

Note: - **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Hon'ble Speaker.
8. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The A.P.S to Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
12. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
13. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
14. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9$^{TH}$ SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 101st | Monday 11th May, 2026 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 102nd | Tuesday 12th May, 2026 | • Food<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 103rd | Wednesday 13th May, 2026 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Public Health Engineering |
| 104th | Thursday 14th May, 2026 | • Health<br>• Human Resource Management Department<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 105th | Monday 18th May, 2026 | • Minerals Development<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 106th | Tuesday 19th May, 2026 | • Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 107th | Wednesday 20th May, 2026 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education. Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 108th | Thursday 21st May, 2026 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 109th | Monday 25th May, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Home & Tribal Affairs |
| 110th | Tuesday 26th May, 2026 | • Revenue & Estate<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 101واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:00 PM - Wed
سوال نمبر**Question # 1991**
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں آبپاشی کی مختلف منصوبوں کی منظوری دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع میں موجودہ آبپاشی کے منصوبوں کی بحالی، مرمت اور نئے منصوبے شروع کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 24, 2025 -- 10:33 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1894**
**Sent to Dept Date:** Nov 05, 2025 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر کو سالانہ فنڈز ملتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈپٹی کمشنر کو سالانہ کتنا فنڈ کس قانون وطریقہ کار کے تحت ملتا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) متعلقہ ڈپٹی کمشنر مذکورہ فنڈز کو کن کن مدات میں استعمال کر سکتا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:34 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 1904**
**Sent to Dept Date:** Dec 26, 2025 - Fri
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زکوۃ عشر سماجی بہبود و حقوق نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں خواتین، مردوں، بچوں اور اقلیتوں پر تشدد میں اضافہ ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت اس سلسلے میں کیا اقدامات کر رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 19, 2025 -- 01:00 PM - Wed
سوال نمبر**Question # 1908**
**Sent to Dept Date:** Dec 01, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقہ کچہ میں حالیہ سیلاب سروے کے مطابق کتنی زرعی زمین متاثر یا تباہ ہوئی ہے، کتنے مکانات کو جزوی نقصان اور کتنے مکان منہدم ہوئے ہیں؟ الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) سیلاب زدگان کے حوالے سے صوبائی حکومت کی پالیسی کیا ہے سیلاب کے باعث نقل مکانی کرنے والوں کی تعداد کتنی ہیں؟

(ج) اب تک کتنے متاثرین میں امدادی رقوم (چیک) تقسیم کئے گئے ہیں اور کتنے متاثرین کو ابھی تک امداد نہیں ملی ہر ایک کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:30 AM – Wed
**Question # 2076**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 18, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی حکومت مستحق خاندانوں میں رمضان پیکج یا نقد رقوم تقسیم کرے گی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) تو وضاحت دی جائے کہ اس سال رمضان پیکج کس فارمولے اور طریقہ کار کے تحت تقسیم ہو گا؟

(ii) اس پورے عمل کو کس طرح شفاف بنایا جائے گا اس کے لیے کیا حکمت عملی ترتیب دی گئی ہے؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 102 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 12 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:02 PM - Mon
**Question # 1381** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ و روغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟ نیز رقم خرچ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:03 PM - Mon
**Question # 1382** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سکولوں کے طلباء وطالبات کو مفت کتب فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتب فراہمی کا طریقہ کار کیا ہے نیز پرنٹنگ اور ترسیل پر سالانہ کتنا خرچہ آتا ہے۔ 2022 سے تاحال تمام اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:49 PM - Mon
**Question # 1591** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں لائبریریاں قائم کی گئی ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو یہ لائبریریاں کن کن اضلاع میں قائم کی گئی ہیں؟ ان لائبریریوں میں موجود کتابوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:51 PM - Mon
**Question # 1428** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دس سالوں کے دوران کن کن اضلاع میں کن مقامات پر کیڈٹ کالجوں کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) مذکورہ منظور شدہ کیڈٹ کالجوں میں کتنے کالجوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے؟ اور کتنے زیر تعمیر ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ کیڈٹ کالجوں کے لئے مختص فنڈز کی الگ الگ مالیت کیا ہے؟ نیز جو کالج مکمل ہوئے ان پر اُٹھنے والے اخراجات کی کالج وار مالیت کیا ہے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:37 PM - Mon
**Question # 1431** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حال ہی میں پورے صوبے اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سکولوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے اور نئے سکولوں کی تعمیر بھی ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)تاحال ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے سکول، کہاں کہاں اپ گریڈ کئے گئے ہیں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں تاحال کتنے نئے سکول کہاں کہاں پر تعمیر کئے گئے ہیں، تحصیل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیز تحصیل درابن، تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں باوجود اس کے کہ یہ علاقے کافی پسماندہ ہیں، سکول کیوں اپ گریڈ نہیں کئے گئے اور نا ہی نئے سکول تعمیر کئے گئے ہیں، اس حوالے سے سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولوں کی تعمیر کے حوالے سے صوبائی حکومت نے کیا کسوٹی رکھی ہے ،تفصیل سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:55 AM - Tue
**Question # 1521**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟ اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii)آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:10 AM - Tue
**Question # 1615**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان کے مختلف سرکاری سکولوں میں مرد و خواتین اساتذہ کی کمی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہستان کے کن کن (گرلز و بوائز) پرائمری، مڈل و ہائی سکولوں میں کتنے اور کون کون سے مضامین کے اساتذہ کی کمی ہے اور اس ضمن میں محکمہ نے اب تک کیا اقدامات کئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:13 AM - Tue
**Question # 1602**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پٹن کالج موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)مذکورہ کالج میں منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور موجودہ وقت کتنا عملہ تعینات ہے اور کون کون سے پوسٹ پر کام کر رہا ہے

(ii)طلباء کی پڑھائی کی کیا صورتحال ہے۔ نیز مذکورہ کالج میں سٹاف کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:23 AM - Tue
**Question # 1616**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول بٹیال بشام ضلع شانگلہ کو ہائی سکول کا درجہ دیا گیا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز کے لیے عمارت تعمیر کی گئی ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول کیلئے ضروری سٹاف میں درجہ چہارم کی ملازمین کی بھرتیاں بھی کی گئیں ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کب تک مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز شروع کی جائیں گی؟ اور تاحال کلاسز شروع نہ کرنے کی وجوہات بھی بتائی جائیں

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:40 AM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 1496**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوزوکتب خانے ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)ضم اضلاع میں کالجوں کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے اوران میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد کالج وار فراہم کی جائے۔

(ب)ضلع باجوڑ میں طلباء وطالبات کے کتنے کالجز کن کن علاقوں میں موجود ہیں، آیا یہ کالجز طلباء وطالبات کے تناسب سے کافی ہیں؟ نیز داخلہ کے لیے کیالائحہ عمل اور طریقہ کار ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:50 PM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 1687**
**Sent to Dept Date:** Aug 04, 2025 - Mon
**جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ اسمبلی کی طرف سے مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 محکمہ ہذا کو موصول ہوئی تھی؟(کاپی لف ہے)

(ب)مذکورہ قرارداد میں محکمہ سے متعلق امور پر تاحال حکومت نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:52 PM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 1697**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوزوکتب خانے ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا میں مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 کے ضمن میں محکمہ سے متعلق اُمور پر تاحال حکومت نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 05:32 PM - Fri
**سوال نمبرQuestion # 1742**
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)سال 2025 کے سالانہ امتحانات میں اس مرتبہ دسویں جماعت میں کتنے فیصد معذور بچوں نے امتحان دیا، کتنے فیصد معذور بچے اس امتحان میں کامیاب اور کتنے فیل ہوئے؟ تفصیل فراہم کریں۔

(ب)اگر معذور بچوں کی فیل ہونے کی شرح زیادہ ہے تو اسکی وجہ کیا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:32 AM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 1735**
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت گرلز سکولوں میں درج بچیوں کو وظیفہ مہیا کرتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)کیا یہ سکیم اب بھی موجود ہے؟ اور کس جماعت کی طالبات کو یہ وظیفہ ادا کیا جاتا ہے اور اس وظیفہ کی ماہانہ رقم کتنی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(ii)اگر یہ سکیم اب موجود نہیں تو حکومت پھر کب شروع کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 103واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 13 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:42 PM – Mon
سوال نمبر**Question # 1588**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Law Parliamentary Affairs & Human Rights state that:
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of :
(i) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:01 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1572**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں صرف ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج دینے کیلئے پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ملازمین پیکج کے لئے کتنے پلاٹس نیلام کئے گئے اور حاصل شدہ رقم سے کتنے ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کے تحت رقوم دی گئیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:46 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1719**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی۔ میانوالی روڈ پر درہ تنگ کے مقام پر ایک ٹول پلازہ واقع ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مد میں ایک خطیر رقم خیبر پختونخوا ہائی ویز اتھارٹی کو ملتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2020 سے لے کر اب تک صوبائی حکومت کو کل کتنی رقم مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مد میں ملی ہے؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔ (ii) مذکورہ ٹول پلازہ کی ٹول ٹیکس سے حاصل شدہ رقم کے مصارف کیا کیا ہیں؟ اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:47 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1827**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں سال 2018 سے اب تک مختلف سڑکیں، سکول اور کھیل کے میدان تعمیر ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ وقت میں کتنی سڑکیں، سکول اور کھیل کے میدان کہاں کہاں پر مکمل ہوئے؟ اور کتنے نامکمل ہیں؟ ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 22, 2025 -- 06:02 PM - Mon
سوال نمبر Question # 1875
Sent to Dept Date: Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ کے شہری علاقوں کی تقریباً تمام یونین کونسلوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص ہے۔ کچرا اٹھانے کے نظام میں رکاوٹیں ہیں۔ سیوریج لائنوں کی صفائی نہیں کی جاتی اور عملہ و مشینری کی کمی کی شکایات بھی عام ہیں؟

اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کیا ٹی ایم اے کوہاٹ نے شہری یونین کونسلوں میں صفائی کے مسئلے کے حل کے لئے کوئی جامع لائحہ عمل ترتیب دیا ہے؟ اگر لائحہ عمل موجود ہے تو اس کی تفصیلات (فنڈز، مشینری، افرادی قوت اور سالانہ منصوبہ جات) کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اس لائحہ عمل پر اب تک کون سے اقدامات کئے گئے ہیں؟ اور کن منصوبوں پر عمل درآمد جاری ہے؟ اگر کوئی لائحہ عمل موجود نہیں تو حکومت اس سنگین مسئلے کے حل کے لئے کب اور کیا اقدامات اٹھائے گی؟

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:46 PM - Wed
سوال نمبر Question # 1949
Sent to Dept Date: Jan 05, 2026 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں محکمہ زراعت کے دفاتر موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر کوہستان میں موجود آفسز اور سب آفسز کی فہرست سمیت منظور شدہ آسامیاں کی تعداد، ان پر تعینات افسران و اہلکاروں اور خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 08, 2025 -- 03:58 PM - Wed
سوال نمبر Question # 1878
Sent to Dept Date: Oct 23, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع کوہستان لوئر میں پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کرنے اور منڈیوں کی ترقی کے لیے اقدامات کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کے لیے محکمہ کی حکمتِ عملی اور معاونتی پروگرامز کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) ضلع میں زرعی منڈی کے بنیادی ڈھانچے (جیسے سبزی منڈی، فروٹ منڈی وغیرہ) کی موجودہ حیثیت اور آئندہ ان کی اپ گریڈیشن سے متعلق مجوزہ منصوبوں کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Oct 10, 2025 -- 02:41 PM - Fri
سوال نمبر Question # 2000
Sent to Dept Date: Jan 07, 2026 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ہری پور میں پبلک سیکرٹریٹ کے پیچھے لیڈیز پارک بنایا گیا ہے اس میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟ ان کے نام، پتہ، عرصہ تعیناتی اور اب کہاں کہاں پر ڈیوٹی دے رہے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) کیا مذکورہ پارک میں جم اور پارلر کی سہولت دی جائے گی؟ اور کب تک دی جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:51 AM - Mon
**Question # 1906**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمۂ مواصلات و تعمیرات (W&C) ضلع میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے فنڈز فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ چھ (6) سالوں کے دوران ضلع مردان کی تمام تحصیلوں میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے کتنا فنڈ فراہم کیا گیا؟ نیز ہر سڑک کی لمبائی، منظور شدہ فنڈز، ٹھیکیدار کا نام، اور مقام (جگہ) کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 05:30 PM - Mon
**Question # 1893**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 05, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور اور مردان اضلاع میں ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی (ڈیڈک) قائم ہو چکی ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) یہ کمیٹیاں کب تشکیل دی گئیں اور ان کے اراکین کون کون ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اب تک ان کمیٹیوں کے کتنے اجلاس منعقد ہو چکے ہیں اور اس کی رپورٹ پر کیا کارروائی ہو چکی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 05:32 PM - Mon
**Question # 1892**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 05, 2025 - Wed
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ہاؤسنگ سوسائٹیز (حکومت سے منظور شدہ) موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کون کون سی ہاؤسنگ سوسائٹیز کہاں کہاں قائم ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے؟ متعلقہ کیسز اور ان کی تفصیلات فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:31 PM - Thu
**Question # 1903**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں اس وقت کچرے کو ٹھکانے لگانے اور ری سائیکلنگ کے مراکز موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ موجودہ صفائی کے نظام سے حکومت مطمئن ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات نفی میں ہوں، تو صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 104 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 14 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:54 AM - Mon
**Question # 1372** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا حکومت کا سیاحتی مقامات پر Winter Sports Ski Resorts کی سہولیات کی فراہمی اور سڑکوں کو تعمیر کرنے کا کوئی پروگرام ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:55 AM - Mon
**Question # 1373** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر واز راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں علاقائی ثقافت کے فروغ کے لیے حکومت کس قسم کے اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے جو حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:32 PM - Mon
**Question # 1394** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر شعبہ انتظام انسانی وسائل از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اٹھارویں ترامیم کے بعد صوبے کے حکومتی رولز آف بزنس میں ترامیم لازمی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کئی سال گزرنے کے باوجود یہ ترامیم نہیں کی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس قانونی سقم کو دور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:50 PM - Mon
**Question # 1583** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ غیر قانونی کلینکس، نرسنگ ہومز اور ڈاکٹرز کے غیر قانونی نیم بورڈز کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو پچھلے پانچ سالوں میں مذکورہ خلاف ورزیوں کے خلاف کتنی کاروائیاں کی گئیں ہیں اور اس کے کیا نتائج مرتب ہوئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:51 PM - Mon
**Question # 1592** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خلیفہ گل نواز ہسپتال بنوں میں کچھ پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ڈاکٹرز اور دیگر عملے کی کتنی اور کون کونسی آسامیاں خالی ہیں؟

(ii) ہسپتال میں کل کتنی منظور شدہ آسامیاں ہیں اور کتنی پراجیکٹ پوسٹیں ہیں؟ پوسٹوں کی نوعیت اور پوسٹوں کی تعداد کی مکمل لسٹ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:44 AM - Tue
**Question # 1532**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دو سالوں سے کتنے فوجداری قانون اور فوجداری مقدمات کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں؟ مذکورہ مقدمات پر تاحال کتنی اور کیا کاروائی ہوئی؟

(ب) پٹرولیم دھماکہ خیز مواد کے کنٹرول کیلئے کیالائحہ عمل بنایا گیا ہے اور مجرمانہ رپورٹس کی کیا صورتحال ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:45 AM - Tue
**Question # 1506**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ باجوڑ کٹیگری A ہسپتال میں بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے ہسپتال میں اینٹی سنسلک ویکسین (Anti Cinclic Vaccine) اور (Anti-Rabies Vaccine) باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین موجود نہیں اور نہ ہی اس کے لیے فنڈ مختص کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ آکسیجن A09410- کی مد میں بھی گزشتہ دو (2) سالوں کے دوران کوئی فنڈ نہیں رکھا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں مذکورہ ویکسینز کب تک فراہم کی جائے گی نیز فنڈز کب تک فراہم کئے جائینگے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:15 AM - Tue
**Question # 1574**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف جیلوں میں قیدیوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے محکمہ بجٹ مختص کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے کے جیلوں میں سہولیات کی مد میں سالانہ کتنا بجٹ مختص کیا جاتا ہے؟ تمام جیلوں کی گزشتہ 3 سالوں کی بجٹ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:22 AM - Tue
**Question # 1598**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ (IHP)EPI پراجیکٹ میں تقریبا 395 افراد EPI ٹیکنیشنز آسامیوں پر تعینات تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹیکنیشنز IHP میں مورخہ 14 فروری 2017 سے اکتوبر 2020 تک پراجیکٹ میں کام کرتے رہے ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے اکتوبر 2020 کے بعد مذکورہ ملازمین کو Non ADP سکیم کے تحت کنٹریکٹ پر ڈائریکٹر EPI کے حوالہ کر دیا تھا؟

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ملازمین کی ریگولرائزیشن کے لیے ایک سمری وزیر اعلیٰ کو بھیج دی گئی ہے؟

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ ملازمین کی مستقلی کی سمری پر حکومت نے اب تک کیا کاروائی کی ہے؟ نیز یہ ملازمین کب تک مستقل کئے جائینگے تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Jul 28, 2025 -- 03:14 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1688
Sent to Dept Date: Aug 01, 2025 - Fri
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ جولائی 2025 میں محکمہ ہذا کی زیر نگرانی ڈاکٹرز کی 592 آسامیوں پر ترقی دی گئی؟ اور مذکورہ ترقی میں ترقی پانے والے ڈاکٹرز کے نام نہیں دیئے گئے تھے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ ترقی کی قانونی حیثیت کیا ہے؟ کیا محکمہ ہذا اور دیگر محکموں میں پروموشن اس طریقہ کار کے تحت کبھی ہوئی یا نہیں؟

(ii) تعداد کی بنیاد پر بغیر نام کے پروموشن کون سی قانون کے تحت کس طریقہ کار کے تحت کی گئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) نیز جو سنیئر ڈاکٹرز ترقی کے لسٹ سے نکالے گئے ہیں ان کے نام ولدیت تعلیمی قابلیت ،سنیارٹی لسٹ نمبر اور جن 592 ڈاکٹرز کو ترقی دی گئی ہے یا دی جاری ہے ان کے بھی نام، تعلیمی قابلیت اور سنیارٹی لسٹ نمبرز کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Aug 01, 2025 -- 09:02 AM - Fri
سوال نمبرQuestion # 1699
Sent to Dept Date: Aug 08, 2025 - Fri
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر شعبہ انتظام انسانی وسائل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) مختلف محکموں میں خالی آسامیاں کب تک پُر کی جائیں گی؟ محکمہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 01, 2025 -- 05:31 PM - Fri
سوال نمبرQuestion # 1690
Sent to Dept Date: Aug 07, 2025 - Thu
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا ڈی ایچ کیو بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں ادارہ بحالی معذوراں موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) او پی ڈی میں روزانہ کی بنیاد پر مریضوں کی تعداد کی تفصیل بمعہ تمام تر میسر کردہ سہولیات فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ ادارہ بحالی معذوراں میں فزیوتھراپی کے لئے موجود تمام مشینوں اور ساز و سامان کی تفصیلات مہیا کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 105 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 18 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Aug 12, 2025 -- 09:31 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1746**
**Sent to Dept Date:** Sep 05, 2025 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے میں اکتوبر 2024 میں گولڈ مائنز بلاکس نیلام کیے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ مزید 4.92 ارب روپے کے مزید گولڈ مائنز بلاک نیلام کرنا چاہتا تھا؟ جس پر نیب NAB نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو اکتوبر 2024 میں نیلام کیے گئے گولڈ مائنز بلاکس اور نیب تحفظات کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں

Notice Date : Sep 23, 2025 -- 09:52 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1861**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختون خوا کے جنگلات سے غیر قانونی طور پر لکڑی کی کٹائی ہوئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس ضمن میں فارسٹری اینڈ مانیٹرنگ سرکل FPMC کی رپورٹ کے مطابق الائی اور دیگر علاقوں سے ایک ارب 70 کروڑ کی لکڑی تحویل میں لی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ضمن میں مزید تین کمپاؤنڈز کی مانیٹرنگ بھی ہوئی ہے۔ اس کی کیا رپورٹ ہے؟ اور اس میں ملوث لوگوں کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 16, 2025 -- 02:02 PM - Tue
سوال نمبر **Question # 2004**
**Sent to Dept Date:** Jan 08, 2026 - Thu
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع خیبر میں فنی تعلیم کے شعبے کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع خیبر کے لیے مذکورہ شعبے میں کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا، کتنا فنڈ جاری ہوا اور کتنا فنڈ تا حال خرچ کیا جا چکا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 29, 2025 -- 02:02 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1985**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع خیبر (سابقہ فاٹا) محکمہ منرل ڈیویلمنٹ کے شعبے کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمے کے لیے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ کتنا فنڈز ریلیز کیا گیا ہے؟ کتنا فنڈ تا حال خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 106 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 19 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Nov 25, 2025 -- 04:30 PM - Tue
**Question # 2008**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 09, 2026 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے سال 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے حکم پر دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کے لیے مختص شدہ 100 فیصد کوٹہ ختم کر دیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق سال 2024 سے پہلے فوت شدہ ملازمین کے بچوں پر نہیں ہوتا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 23-2020 تک مذکورہ کوٹہ کی مد میں بھرتی شدہ افراد کی فہرست بمعہ بھرتی کے منتظر افراد کی میرٹ لسٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 12, 2025 -- 09:11 AM - Fri
**Question # 1926**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے خزانہ ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ خزانہ کو محکمہ بہبودِ آبادی کے مستقل شدہ پراجیکٹ ملازمین کے بقایا جات اور سنیارٹی کے معاملے سے متعلق سمری موصول ہو چکی ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ نظرِ ثانی اپیل زیرِ التواء ہونے کے باوجود، دیگر محکموں میں اسی نوعیت کے معاملات میں ادائیگی کے برعکس، مذکورہ سمری پر عملدرآمد میں تاخیر کی وجوہات کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:05 PM - Tue
**Question # 1940**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود اور حقوق نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع خیبر کو زکواۃ ، عشر کی مد میں مالی سال 23-2022 اور 25-2024 میں کتنا کتنا فنڈ دیا گیا؟

(ب) مذکورہ رقوم کی تقسیم کس طریقہ کار کے تحت کی گئی ہے؟ جن افراد کو رقوم کی ادائیگی کی گئی ہے انکی تعداد بمعہ نام، ولدیت، ڈومیسائل، شناختی کارڈ کا پی اور فی کس دی گئی رقم کی تفصیل ہر ایک تحصیل کی سال وار الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:49 PM - Mon
**Question # 2044**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر کے بعض منظور شدہ قرضے نادہندہ (Default) ہو چکے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(ج) گزشتہ پانچ برسوں کے دوران نادہندہ قرضوں کی مجموعی رقم اور متعلقہ افراد/اداروں کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(د) مذکورہ قرضوں کی منظوری دینے والے افسران کے نام، عہدے، کمزور یا ناکافی ضمانتوں (Guarantees) کی نوعیت، اس کے اسباب، اور ان افسران کے خلاف کارروائی نہ کیے جانے کی وجوہات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 107 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 20 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:26 PM - Mon
**Question # 1432**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ھری پور اور ضلع ایبٹ آباد میں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل وہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو!

(i) مذکورہ اضلاع میں کتنے اور کہاں کہاں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں۔ تمام سکولوں میں بچوں اور بچیوں کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ii) گزشتہ حکومت نے کتنے گرلز سکولز کہاں کہاں تعمیر کئے ہیں اور مذید کتنے سکولوں کی ضرورت ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:53 PM - Mon
**Question # 1439**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایجوکیشن مانیٹرینگ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹس ڈیکلیئر کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اتھارٹی ملازمین کی دس سالہ سروس پوری ہو چکی ہے اور انکی سروس سٹرکچر، اپ گریڈیشن اور پنشن سمیت کئی ساری بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور ان کے سروس رولز میں سروس سٹرکچر والا باب شامل نہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اتھارٹی کے ضلعی دفاترز اور انتظامی آسامیوں کو پی ایم ایس افسروں کیلئے مختص کیا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) کیا مذکورہ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹ بنایا گیا ہے حالانکہ آئی ایم یو ہیلتھ پراجیکٹ والوں کو سول سرونٹس کی حیثیت سے مستقلی دی گئی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آیا اتھارٹی کی ضلعی اور ہیڈ آفس کی انتظامی آسامیوں پر پی ایم ایس افسران کی تعیناتی سے اتھارٹی ملازمین کیلئے ترقی کا راستہ بند نہیں ہو گا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:54 PM – Mon
سوال نمبر**Question # 1467**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Elementary & Secondary Education state that:.

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:30 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1736
Sent to Dept Date: Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تحصیل ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے اور کہاں کہاں پر پرائمری، مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:34 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1741
Sent to Dept Date: Sep 02, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں جن سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد کم تھی۔ان سکولوں کو بند کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے سکولز بند کئے گئے ہیں؟ بمعہ سکول نام کے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 18, 2025 -- 11:30 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1727
Sent to Dept Date: Aug 25, 2025 - Mon
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر توانائی وبرقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت کو تیل وگیس کی پیداوار کی بابت صوبائی حکومت کو (OGDCL) کی طرف سے (CSR) کی مد میں کتنا فنڈ ملا ہے؟ اور کہاں کہاں پر یہ فنڈ خرچ کیا گیا ہے؟

(ب) 2022 سے تاحال مذکورہ فنڈ کی سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) دیگر مدوں میں بھی (OGDCL) کی طرف سے تیل وگیس کی بابت ضلع لکی مروت کو کوئی فنڈ دیا گیا ہے؟ اگر دیا گیا ہو تو اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 18, 2025 -- 11:31 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1728
Sent to Dept Date: Aug 25, 2025 - Mon
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر توانائی وبرقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں ولی (بھیٹنی) تیل وگیس فیلڈ سے وافر مقدار میں گیس دریافت ہوئی ہے جس سے روزانہ کی بنیاد پر گیس حاصل کی جارہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ گیس کے ذخائر کی مد میں 2020 سے اب تک صوبائی حکومت کو کتنی رائیلٹی موصول ہوئی ہے۔

(ii) مذکورہ رائیلٹی میں ضلع لکی مروت کا کتنا حصہ بنتا ہے؟ کہاں کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 03:50 PM – Mon
سوال نمبرQuestion # 1785
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد کے کتنے سرکاری سکولوں میں کلاس فور کی آسامیاں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ان خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لیے حکومت نے اب تک کیا اقدامات کیے ہیں؟

(ii) یہ آسامیاں کب تک پر کی جائیں گی تاکہ سکولوں کے تدریسی وانتظامی امور متاثر نہ ہوں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 03:51 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1792
Sent to Dept Date: Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوزاور کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے ڈگری کالجزاور یونیورسٹیوں کو آوٹ سورس کرنے کی پالیسی اپنائی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت آؤٹ سورس کے باوجود تمام اخراجات برداشت کرے گی تو نجی شعبے کو ذمہ داری دینے کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

(ii) حکومت کے پاس موجودہ ڈگری کالجز اور یونیورسٹیوں کو مضبوط بنانے کے لیے کتنے مالی اور انتظامی وسائل دستیاب ہیں، اور انہیں براہِ راست فراہم کرنے کا منصوبہ کیا ہے؟

(iii) آؤٹ سورس ہونے کے بعد لکچرارز، پروفیسرز اور دیگر عملے کی ملازمتیں اور مستقبل کیسے محفوظ کیے جائیں گے؟

(iv) حکومت نے پسماندہ علاقوں میں تعلیمی اداروں کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے کیا اقدامات تجویز کیے ہیں؟

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 07:04 PM – Mon
سوال نمبرQuestion # 1784
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تعلیمی سہولیات کو دوردراز علاقوں تک بڑھانے کے لیے حکومت ڈبل شفٹ سکول سسٹم شروع کرچکی ہے یا کرنے والی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا اس کے لیے نئے اساتذہ کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا۔ اس کا کیا طریقہ کار ہے؟ اور اگر بھرتی ہو گئے ہیں۔ تو اس کی تفصیلات فراہم کی جائے

Notice Date : Sep 03, 2025 -- 02:31 PM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1775
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں 2024 سے لیکر تاحال کتنے نئے سکول بنے اور کتنے سکول Upgrade ہوئے؟ تمام سکولوں کی تحصیل وار تعداد الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع بھر میں نئے سکول بننے والے اور Upgrade ہونے والے سکولوں کیلئے کیا کسوٹی (Criteria) رکھی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 11, 2025 -- 04:06 PM - Thu
سوال نمبرQuestion # 1829
Sent to Dept Date: Oct 08, 2025 - Wed
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرک میں اس وقت کل کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ب) کرد شریف اور شادنکی میں کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ج) اگر ان علاقوں میں لڑکیوں کے لیے کوئی سرکاری سکول موجود نہیں، تو کیا حکومت کی جانب سے وہاں گرلز سکول قائم کرنے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟ اگر ہے، تو اس کی موجودہ حیثیت اور ممکنہ تکمیل کی مدت کیا ہے؟

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:10 AM - Fri
**Question # 1838سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خوراک نے پچھلے سال میں موجودہ سال کے لیے گندم کی خریداری کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس سال آٹے کی قلت کا خطرہ کیوں درپیش ہے؟ نیز صوبے میں آٹے اور روٹی کی قیمت بتدریج کیوں بڑھ رہی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:11 AM - Fri
**Question # 1847سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے گزشتہ سال سرکاری گوداموں میں گندم ذخیرہ کی تھی؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ:

1. کیا مذکورہ ذخیرہ شدہ گندم میں کیڑے پڑ گئے ہیں جس کے باعث اس میں بدبو پیدا ہوئی؟

2. کیا یہ درست ہے کہ ان گوداموں سے اڑنے والے کیڑے قریبی آبادی تک بھی پہنچے؟ اگر ہاں، تو اس بارے میں تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 108 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 21 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:03 PM - Mon
**Question # 1397** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلو میٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:31 PM - Thu
**Question # 1737** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لائیوسٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹو از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ کے کیٹل بریڈنگ اور ڈیری فارمز میں گائیں، بیل اور بچھڑے موجود ہیں؟

(ب) اگر سوال (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) فی الوقت ضلع پشاور کے ڈیری فارمز میں کتنی گائیں، بیل اور بچھڑے موجود ہیں؟

(ii) نیز گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ان ڈیری فارمز کے لئے کتنے جانور، کس طریقہ کار کے تحت خریدے اور فروخت کیے گئے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:59 PM - Wed
**Question # 1880** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زراعت از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت صوبے میں کسانوں کی ترقی کے لیے مختلف مالی معاونتی اسکیمیں متعارف کراتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ کی جانب سے گزشتہ تین برسوں کے دوران ضلع لوئر کوہستان کے کسانوں کو دی گئی سبسڈیز اور مالی مراعات کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:33 PM - Thu
**Question # 1912** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 09, 2025 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کے ایکٹ / قانون میں مکینوں کو فراہمی آب کی شق شامل ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز زیر زمین صاف پانی کے ذخائر سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سوسائٹیز حکومت کو کس طریقہ کار کے تحت پانی کے ذخائر استعمال کرنے کی ادائیگیاں کرتی ہیں؟

(ii) اگر ادائیگیاں نہیں کر رہی تو حکومت اس ضمن میں کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Dec 10, 2025 -- 04:46 PM - Wed
**Question # 1963** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پشاور میں مختلف مقامات پر عوام سے بھاری پارکنگ فیس وصول کی جارہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

پارکنگ فیس کے لیے کون کون سی جگہیں مقرر کی گئی ہیں، اور ہر جگہ کے لیے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ فیس کتنی مقرر ہے؟ یہ فیس کس قانون یا ضابطے کے تحت متعین کی گئی ہیں؟

پشاور میں کل کتنے ٹھیکے جاری کیے گئے ہیں، اور کس کس کو (پارکنگ ٹھیکے) دیے گئے ہیں؟ براہ کرم مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 12, 2025 -- 02:20 PM - Fri
**Question # 1961** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب ارباب محمد وسیم خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) خیبر پختونخوا سٹیزن امپروومنٹ پراجیکٹ (KPCIP) کے لیے فنڈز کن کن ذرائع سے حاصل کیے جارہے ہیں؟

(ب) اس منصوبے کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) یا کسی دیگر ڈونر ایجنسی سے کتنی رقم بطور قرض یا گرانٹ منظور کی گئی ہے؟

(ج) صوبائی حکومت اس منصوبے میں کتنی مالی شراکت رکھتی ہے۔ اب تک اس منصوبے کے تحت کتنا فنڈ جاری کیا جا چکا ہے اور کتنی رقم خرچ ہو چکی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 15, 2025 -- 11:25 AM - Mon
**Question # 1933** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ نے صوبے کی کتنے فیصد آبادی کو صاف، فلٹر شدہ اور ٹیسٹ شدہ پانی کی سہولت فراہم کی ہے؟ نیز اسی ضمن میں کئے گئے پانی کی ٹیسٹ شدہ نمونوں کی رپورٹس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 23, 2025 -- 12:32 PM - Tue
**Question # 2010** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 12, 2026 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2025 کے دوران صوبے کے تمام حلقوں کو ایک ایک کروڑ روپے فنڈ ٹرانسفارمرز مرمت و تنصیب کی مد میں جاری کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ فنڈ کس طریقہ کار کے تحت حلقہ پی کے 19، پی کے 20، پی کے 21 اور پی کے 22 میں کن حکام کے احکامات پر کہاں کہاں کون کون سے مدات میں جاری اور خرچ کیا گیا ہے؟

(ii) مذکورہ حلقوں کی تفصیل یونین کونسل وائز، ویلج کونسل وائز و نیبر ہوڈ کونسل وائز علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے۔ نیز جاری شدہ فنڈز کن لوگوں کے حوالے اور کن لوگوں کے ذریعے خرچ کی گئی تھی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 26, 2025 -- 03:04 PM - Fri
**Question # 1981** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ نے گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنے کیسوں میں یا قانون سازی کے لیے دوسرے محکموں کو رائے (opinion) دی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 06, 2026 -- 12:23 PM - Tue
**Question # 2026**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 23-2022 اور 25-2024 کے دوران صوبے اور خصوصاً ضلع خیبر میں نئی سڑکوں کی تعمیر کے لئے رقم مختص کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گذشتہ دو سال میں ضلع خیبر سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں کل کتنے کلو میٹر نئے روڈ پختہ/تعمیر ہوئے؟ حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:48 PM - Mon
**Question # 2031**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) میں ملازمین کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) ان ملازمین کی گریڈ وار تنخواہوں اور الاؤنسز کی مد میں ماہانہ مجموعی طور پر کتنی رقم ادا کی جاتی ہے؟

(ج) وصول شدہ ٹیکسز و چارجز، پلاٹ ٹرانسفرز، نیلامی (Auction)، ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر اخراجات کی گزشتہ تین برسوں کی سال وار تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 10:10 AM - Wed
**Question # 2039**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر لائیوسٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹو از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی سطح پر محکمہ لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ میں مختلف کیڈرز کے تحت منظور شدہ آسامیوں کی مجموعی تعداد کتنی ہے؟ اس کی کیڈر وائز اور ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) صوبہ بھر میں ہر کیڈر کے لحاظ سے اس وقت کتنی آسامیاں پُر (Working) ہیں اور کتنی خالی ہیں؟

(ج) اگر آسامیاں خالی ہیں تو ہر ضلع میں خالی آسامیوں کی تعداد اور نوعیت (مستقل، عارضی، کنٹریکٹ وغیرہ) کی کیڈر وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 109 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 25 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:04 PM - Mon
**Question # 1377** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں خواتین بھی تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ پولیس میں خواتین کی تعداد کتنی ہے اور مرد پولیس کے تناسب سے خواتین پولیس کی تعداد کتنی ضروری ہے خواتین پولیس کی تفصیل عہدوں سمیت فراہم کی جائے۔

(ii) خواتین پولیس افسران/اہلکاروں اور مرد پولیس افسران/اہلکاروں کی ترقی کے لئے یکساں طریقہ کار ہے یا الگ الگ طریقہ کار موجود ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز خواتین پولیس اہلکاروں کے لئے اپنا الگ ہاسٹلز اور کوارٹرز موجود ہیں کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:05 PM - Mon
**Question # 1510** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے سوشل ہیلتھ پروٹیکشن انیشیٹیو کے نام سے پروگرام شروع کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ پروگرام کب شروع کیا گیا ہے؟ اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں؟

(ii) مذکورہ پروگرام کے لئے فنڈز کہاں سے مہیا کیا جاتا ہے؟

(iii) مذکورہ پروگرام کو چلانے کیلئے کتنا سٹاف/عملہ کام کر رہا ہے ان کی تنخواہیں کتنی ہیں؟

(iv) مذکورہ پروگرام سے اب تک کتنی کامیابی حاصل ہوئی ہے مکمل تفصیل بمہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:46 PM - Mon
**Question # 1554** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا میں سال 20-2019 اور 2021 کے کرکٹ سیزن میں کتنے فرسٹ کلاس میچز کھیلے گئے؟

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا میں فرسٹ کلاس Grade-1 معیار کے کتنے میدان Stadiums موجود ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:57 PM - Mon
**Question # 1528** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں پولیس چوکیاں پولیس سٹیشنز میں تبدیل ہوتی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خاص کر ضلع بنوں سب ڈویژن وزیر میں پولیس چوکی پولیس سٹیشن میں تبدیل ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پولیس سٹیشنوں کو زمین کون دیتا ہے؟ اور اُن کو پیسے کہاں سے ملتے ہیں؟ اور کس کو ملتے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:58 PM - Mon
**Question # 1529**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ خیبر پختونخواکے پولیس تھانوں میں درج کئے گئے کیسوں کی تفتیش پر تفتیشی افسرکوفنڈ ملتاہے ؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو تفتیشی افسر کو کیس کے لحاظ سے کتنافنڈ ملتاہے ؟اور یہ ریٹ کب سے فکس ہواہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:46 AM - Tue
**Question # 1475**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 5سالوں کے دوران صوبے کے بہتر مفادات کی خاطر کتنے منصوبے زیر غور ہیں؟اور کتنے منصوبوں پرکام شروع کیاگیاہے ؟

(ب) گزشتہ 5سالوں میں نئی اور جاری منصوبوں کی مکمل تفصیل بمعہ تخمینہ لاگت فراہم کی جائیں۔

(ج) نیز ضم اضلاع اور خصوصاً باجوڑ کی بھی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:18 AM – Tue
**Question # 1578**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت صوبے کے مختلف جیلوں میں قید مرد وخواتین کو مختلف سہولیات فراہم کرتاہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو توصوبے کے مختلف جیلوں میں قید مرد وخواتین کو کون کونسی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:19 AM – Tue
**Question # 1577**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ٹریفک جرمانوں کی مد میں صوبے کوریونیو جمع ہوتاہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

ٹریفک جرمانوں کی مد میں ضلع پشاور میں پچھلے 6ماہ میں کتنی رقم جمع کی گئی اس کاماہانہ حساب دیاجائے

(ج)اس رقم کی تقسیم کاراور استعمال کس طرح ہوتاہے نیز ٹریفک وارڈنز کااسمیں کتنے شئرز ہوتاہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:32 AM - Wed
**Question # 1710**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ سال 2018ء سے 2025ء تک ضلع ہری پور میں (Deceased son quota) کے تحت محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو مذکورہ عرصہ کے دوران بھرتی شدہ افراد،اُن کے والدین کے (Death) سرٹیفکیٹ،نام اور عہدہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:05 AM - Mon
**Question # 1739**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 01, 2025 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مشیر صحت نے حال ہی میں کوہاٹ کی مختلف ہسپتالوں کا دورہ کیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جناب مشیر صاحب نے DHQ ہسپتال کوہاٹ میں (Cath Lab)، MRI اور (CT-Scan) کی سہولیات فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ DHQ ہسپتال کوہاٹ کو مذکورہ سہولیات کب تک فراہم کیں جائیں گیں نیز مذکورہ ہسپتال پر جنوبی اضلاع ضلع کرک، کُرم، اورکزئی اور ہنگو کے عوام کا جورش ہے۔ اس کے لیے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:36 AM - Mon
**Question # 1733**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 25, 2025 - Mon
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر کھیل وامور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت کو پچھلے پانچ سالوں (بشمول عبوری حکومت) میں کھیلوں کی سرگومیوں کے لئے کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟

(ب) یہ فنڈ کس کس ایونٹ میں استعمال ہوا؟ تمام ایونٹس کی سال 2019 سے تاحال اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:40 AM - Mon
**Question # 1720**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2021 سے اب تک ڈپٹی کمشنر لکی مروت آفس میں لیویز فورس سمیت دیگر ملازمین کی ٹیسٹ کے ذریعے کتنی بھرتیاں عمل میں لائی گئی ہیں؟

(ب) مذکورہ بھرتی شدہ لیویز اہلکار اور دیگر ملازمین کی مکمل میرٹ لسٹ، بمعہ شناختی کارڈ، آسامی کا نام اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) ڈپٹی کمشنر لکی مروت آفس میں اس وقت کتنی آسامیاں خالی ہیں۔اُن کی تفصیل بھی فراہم کی جائیں؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 110 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 26 مئی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:10 PM - Mon
**Question # 1405** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے زیر نگرانی ٹیوٹا Technical Education (TEVTA) & Vocational Training Authority میں خواتین کو نمائندگی حاصل ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ٹیوٹا خواتین کی بحالی و ترقی کے لئے کیا کام کر رہا ہے اور ان میں خواتین کی کتنی نمائندگی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:06 PM - Wed
**Question # 1945** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تمباکو خیبر پختونخوا کی واحد نقد آور فصل ہے، جس پر صوبائی اور وفاقی سطح پر زیادہ ٹیکس عائد کیے گئے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں کی نقد آور فصلوں، مثلاً سندھ میں چاول، پنجاب میں گنا اور بلوچستان میں پھلوں پر اس نوعیت کے زیادہ ٹیکس عائد نہیں کیے گئے؟

(ج) اگر حصے (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو براہِ کرم وضاحت فرمائیں کہ:

1۔ کیا اس پالیسی کو خیبر پختونخوا کے کاشتکاروں کے ساتھ امتیازی سلوک تصور نہیں کیا جاسکتا؟

2۔ کیا حکومت اس ضمن میں ٹیکس پالیسی کو دیگر صوبوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے اور کاشتکاروں کو مساوی سہولیات دینے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**Notice Date :** Feb 06, 2026 -- 11:53 AM - Fri
**Question # 2078** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 27, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ مال واملاک ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام غیر استعمال شدہ دستی اسٹامپ پیپرز پر پابندی عائد کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس کی وجوہات کیا ہیں، کیا نئے ای اسٹامپ پیپرز کے اجرا کے لیے اکاؤنٹس افسران کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے؟

(ii) عام شہری کے لیے ای اسٹامپ پیپرز کے حصول اور استعمال کا قانونی طریقہ کار کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔